**1311E1094**

Candidate's Seat No :__________

**M.A. Sem.-3 Examination**

**501**

**Urdu**

**November-2025**

**Time : 2-30 Hours]** **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال:۱ اردو ادب میں سفر نامے کی تاریخ پر مفصل روشنی ڈالئے ۱۴

(یا)

سفر نامے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال:۲ ممتاز مفتی کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے ان کی ادبی خدمات کا احاطہ کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اُردو سفر نامہ کی شرائط وضوابط پر تفصیلی بحث کیجئے۔

سوال:۳ اردو میں سفر ناموں کی اقسام پر روشنی ڈالئے۔ ۱۴

(یا)

ممتاز مفتی کے سفر نامہ "لبّیک" کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

سوال:۴ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو (۲) پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) اردو کا پہلا سفر نامہ

(۲) انتظار حسین کی سفر نامہ نگاری "زمین اور فلک" "نئے شہر پرانی بستیاں" کے حوالے سے

(۳) مجتبیٰ حسین کی سفر نامہ نگاری

(۴) سر سید احمد خاں کی سفر نامہ نگاری "مسافرانِ لندن" کے حوالے سے

سوال:۵ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) سفر نامے کو دوسرے اور کس ادب کے نام سے جانا جاتا ہے؟

(۲) سفر نامہ لکھنے کے لیے سب سے پہلی ضروری اور لازمی شرط کیا ہے؟

(۳) "اردو ادب میں سفر نامہ" کتاب کے خالق کون ہیں؟

(P.T.O.)

E1094-2



(۴) ''عجائب الاسفار'' کا مصنف شیخ عبداللہ کس نام سے مشہور ہوا؟

(۵) سفر نامے کا شمار ادب کی کس صنف میں کیا جاتا ہے؟ اس کا نام کیا ہے؟

(۶) سفر ناموں میں ''بابائے سفر نامہ'' کی حیثیت سے کسے شہرت حاصل ہے؟

(۷) کس بیرونی سفر نامہ نگار کے سفر ناموں میں ہندوستانی تاریخ اور تمدن اور تہذیب وثقافت کے ہر پہلو سے نہایت ہی اہم معلومات اور مستند تاریخی مآخذ دستیاب ہوتے ہیں؟

(۸) سفر نامہ لکھنے میں کن دو اجزاء کو سفر نامے کی جان کہا جاتا ہے؟

(۹) ''سفر نامہ'' کو چین میں کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(۱۰) کسی بھی سفر نامے کا مرکزی کردار کون ہوتا ہے؟

(۱۱) ''جہان دیدہ'' کس ادیب کا تحریر کردہ سفر نامہ ہے؟

(۱۲) ''مصر کا بازار'' سفر نامہ کس ادیب کا تحریر کردہ ہے؟

---پایان---